غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا ترجمان

# غزالی نیوز

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

**قرآن پاک** جولوگ خدا کی کتاب پڑھتے اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں۔ وہ اس تجارت (کے فائدے) کے امیدوار ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی۔ (سورۃ فاطر ۲۹)

**حدیث پاک** آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے عمل (کا ثواب) کا سلسلہ منقطع ہوجاتا ہے مگر تین کاموں کا ثواب برابر جاری رہتا ہے۔ اول صدقہ جاریہ، دوم علم جس سے نفع حاصل کیا جائے، سوم اولادِ صالح جو مرنے کے بعد اس کے لئے دعا کرتی ہے۔ (مسلم)

اگست 2005 شمارہ نمبر 16 مرتب کردہ: شعبہ انفارمیشن اینڈ پروموشن

66۔ایف، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939,5850966 E-mail: info@get.org.pk Visit us: www.get.org.pk

## ’’غزالی ٹرسٹ نے تعلیم کے فروغ کے لئے اہم کردار ادا کیا‘‘۔ گورنر پنجاب خالد مقبول

### غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام قومی خطاطی نمائش کے افتتاح کے موقع پر خطاب



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام قومی خطاطی نمائش 2005 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب لفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کاوشوں کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے تعلیم کے فروغ کے لئے اہم کردار ادا کیا اور تعلیم کی سہولتیں ان علاقوں تک پہنچائی ہیں جہاں ان کا فقدان تھا۔ انہوں نے قومی خطاطی نمائش کے انعقاد اور اس کے انتظامات پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے دردمند دل رکھنے والے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جیسے اداروں کی مدد کریں۔ یاد رہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے خطاطی کی اس قومی نمائش کا اہتمام، کیلیگر افرز ایسوسی ایشن آف پاکستان اور لاہور آرٹس کونسل کے تعاون سے کیا تھا۔

## فنِ خطاطی ایک قدیم اسلامی آرٹ ہے۔ صوبائی وزیرِ تعلیم

### ’فنِ خطاطی کا جمالیاتی و تعلیمی کردار‘ کے موضوع پر سیمینار سے خطاب




غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کیلیگر افرز ایسوسی ایشن اور لاہور آرٹس کونسل کے تعاون سے جاری قومی خطاطی نمائش 2005 کے اختتامی روز ’فنِ خطاطی کا جمالیاتی و تعلیمی کردار‘ کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیرِ تعلیم میاں عمران مسعود نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ فنِ خطاطی ایک قدیم اسلامی آرٹ ہے اس آرٹ کو فروغ دینے کے لئے قومی خطاطی نمائش کا انعقاد ایک خوش آئند قدم ہے۔ انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور کیلیگر افرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے ذمہ داران سے کہا ایسی مثبت سرگرمیوں میں انہیں ضرور مدعو کیا جائے۔ اس موقع پر انہوں نے اپنی حکومت کی جانب سے قومی خطاطی نمائش منعقد کرنے پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور کیلیگر افرز ایسوسی ایشن کو مبارکباد پیش کی۔

## حرف آغاز

کسی بھی منصوبے کی کامیابی کیلئے سب سے زیادہ بنیادی کردار کس کا ہے؟ مقاصد، وسائل یا پھر مہارت!!! ہمارے نزدیک اس کا درست جواب ہوگا افراد کار اور تربیت یافتہ انسان۔ ہمارے چاروں طرف پھیلی ہوئی دنیا میں آپ کو ایسے متعدد منصوبے نظر آئیں گے جو صحیح تر تشخیص (need assessment)، بہترین انفراسٹرکچر (infra-structure) اور خاطر خواہ وسائل کے باوجود ناکام نظر آئیں گے حالانکہ انہیں حکومتوں اور بین الاقوامی اداروں تک کی سرپرستی حاصل تھی۔ لیکن باصلاحیت اور باکردار انسان یا گروہ کے بغیر وہ پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکے۔ ناکامی کی یہ داستانیں تعلیم وصحت سے لیکر مائیکرو فنانسنگ (micro-financing) اور خود روزگار سکیموں (self emloyment) تک زندگی کے کئی دائروں پہ محیط ہیں۔ ترقی پذیر ممالک میں کرپشن جس سطح پر پہنچ چکی ہے کسی بھی نوعیت کی قانون سازی ابھی تک اس پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔ نوع بہ نوع تفتیشی ایجنسیوں سے لے کر نت نئے قانون، سبھی قانون شکنی اور بدعنوانی میں اضافہ کے سوا کچھ نہیں کر پا رہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے پیش نظر ایک ایسی تعلیم کا فروغ ہے جس کی نیو ایمان اور عقیدے سے اٹھائی جائے اور جو کردار کی عظمت، بلندی اور مضبوطی سے عبارت ہو۔ ہمارا مشن ’’بامقصد تعلیم کے ذریعے بہتر سماج کی دریافت‘‘ ہے یہ کام اسی وقت ہو سکے گا جب اس مشن کے حامل افراد صلاحیت اور صالحیت سے بہرہ مند ہوں۔ یہ دونوں دھارے ساتھ ساتھ چلتے ہیں مہارت اور ہنر کے بغیر نیکی وتقویٰ اپنی جگہ قابل قدر سہی مگر معاشرے کے لئے نمونہ نہیں بن سکتے، پاکیزگی اور خدا خوفی کے بغیر صلاحیت معاشروں کو اندر سے کھوکھلا کر دیا کرتی ہے۔ باعلم، باہنر اور باعمل نسل ہی ہمیں ان عذابوں سے نجات دلا سکتی ہے جو ہمارے قومی وجود کو گذشتہ نصف صدی سے لاحق ہیں۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ محض لکھنے پڑھنے (literacy) کو فروغ دینے سے آگے بڑھ کر باقاعدہ تعلیم (formal education) کے ذریعے ایک ایسی نسل کو تیار کرنے کا داعی ہے جو اپنی مخصوص انفرادیت، خاص شان اور جداگانہ تشخص رکھتی ہو۔ یہی ہماری دنیا ہے اور یہی ہمارا دین۔

(سید وقاص انجم جعفری)
سیکرٹری جنرل غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ

# اھلاً وسہلاً مرحبا

**اسلامی نظامتِ تعلیم** کے جوائنٹ ڈائریکٹر پروفیسر نصیرالدین ہمایوں کی سربراہی میں ایک وفد نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے ٹرسٹ کے قیام و مقاصد کے بارے میں بریفنگ دی۔ ارکانِ وفد نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور اپنے ادارے کی طرف سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

**عورت فاؤنڈیشن** کے پروگرام کوآرڈینیٹر سلمان عابد نے میڈیا ایڈوائزر راحت بابر کے ہمراہ ٹرسٹ کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے اغراض و مقاصد کے بارے میں مہمانوں کو بتایا۔ اس موقع پر معزز مہمانوں نے ٹرسٹ کی فروغ تعلیم کے لئے کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ اس نیک کام کو پُر اثر انداز میں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر پیش کیا جانا چاہیے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس قومی منصوبے سے آگاہ ہوسکیں۔

**لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز** سے ایم بی اے کرنیوالے سینئر طلباء کا غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ پر جاری پروجیکٹ مکمل ہوگیا۔ بزنس ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے ان طلباء نے اپنے فائنل پروجیکٹ کے لئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کو منتخب کیا۔ اس پروجیکٹ پر کام کرنے کے لئے انہوں نے متعدد بار ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی طرف سے منیجر پریپ شہیدالحق ظفر، منیجر ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ شفیق احمد اور آئی ٹی کوآرڈینیٹر محمد احمد نے ان کی معاونت کی۔ ان طلباء نے سکولوں کا دورہ بھی کیا اور اساتذہ، بچوں اُن کے والدین سے تیار شدہ تحقیقی سوالناموں کی روشنی میں ملاقاتیں کیں۔ تحقیقی عمل کے اختتام پر LUMS کی ٹیم نے اپنی تفصیلی رپورٹ کی ایک کاپی ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ سید عامر محمود کی خدمت میں پیش کی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس رپورٹ کو سراہتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا کہ اس کی بدولت مستقبل میں پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

**LUMS** کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور منیجر ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ سے ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں یہ بھی طے پایا کہ ڈاکٹر شاہد نہ صرف ٹرسٹ کی طرف سے جاری تربیتِ اساتذہ کے پروگرامات کا جائزہ لیں گے بلکہ بہتری کے لئے وقتاً فوقتاً راہنمائی بھی فرماتے رہیں گے۔

## بیرونِ ملک سے مہمانان کی آمد

**غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ** جہاں پاکستان میں اپنے روابط کو بڑھانے کی اہمیت سے آگاہ ہے وہاں بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں سے بھی تعلقات استوار کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ اسی سلسلے میں ہمارے کچھ معزز مہمانان نے بیرونِ ممالک سے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔

**اسلامک ایجوکیشن کمیٹی کویت** کے صدر مولانا کمال نے صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے موضوع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر اسلامک ایجوکیشن کمیٹی کویت کے دیگر اراکین اخلاق احمد، حافظ نصیرالدین اور سعید خدا بخش بھی موجود تھے۔

**امریکا میں مقیم** سعید رزاق حال ہی میں پاکستان تشریف لائے ہیں۔ اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر انہوں نے انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ کے پروگرام کوآرڈینیٹر سید تحریم ارتضیٰ کے ہمراہ غزالی سکول سسٹم ہیئر اور غزالی سکول سسٹم کر باٹھ کا دورہ کیا، اساتذہ اور بچوں سے تفصیلاً تعلیمی معیار اور بچوں کی کارکردگی کے بارے میں سوالات کئے۔ انہوں نے بچوں کو پڑھائے جانے والے سلیبس کا جائزہ لیتے ہوئے اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔

مندرجہ ذیل معزز مہمانان نے بھی غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی گزشتہ سال کی کارکردگی، زیرِ تکمیل پروجیکٹ اور آئندہ پلاننگ کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ مزید برآں انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے لئے اپنے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

| | |
|---|---|
| مسعود جاوید | سعودی عرب |
| محمد اظہر علی | ناروے |
| وقاص وحید | ناروے |
| حاجی لیاقت وڑائچ | کویت |
| ڈاکٹر احمد طارق اسمعیل | امریکہ |

## ترقی وتبادلہ

1. بورڈ آف ڈائریکٹرز نے باہمی مشاورت سے ڈائریکٹر غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد حافظ تنویر کو ڈائریکٹر آئی اینڈ پی (I&P) مقرر کرتے ہوئے سٹوڈنٹ ایڈ پروجیکٹ (SAP) کو آئی اینڈ پی میں ضم کردیا ہے۔ ادارہ حافظ تنویر کو آئی اینڈ پی کا ڈائریکٹر بننے پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔ یاد رہے کی حافظ تنویر فنڈ ریزنگ میں گرانقدر خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ جبکہ ڈائریکٹر سکولز عامر چیمہ کو ڈائریکٹر غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی اضافی ذمہ داری دی گئی ہے۔
2. ریجنل منیجر فیصل آباد علی احمد گورائیہ کی ہیڈ آفس منتقلی پر غریب حسین نسیم کو قائم مقام ریجنل منیجر تعینات کیا گیا ہے جو کہ پہلے ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ڈسٹرکٹ منیجر تھے۔
3. شہزاد علی ضمیر کا ہیڈ آفس سے ضلع شیخوپورہ/لاہور میں بطور ڈسٹرکٹ منیجر تقرر کیا گیا ہے۔
4. ضلع شیخوپورہ کے ڈسٹرکٹ منیجر ندیم اشرف باجوہ کو گوجرانوالہ منتقل کیا گیا ہے۔
5. ضلع وہاڑی کے لئے رضا محمد قادری اور ضلع میانوالی بھکر کے لئے قاضی برہان احمد کو ڈی ایم ایس تعینات کیا گیا ہے۔

## ورکشاپ

1- آفاق کے تحت دس روزہ ورکشاپ ڈپلومہ اِن سکول مینجمنٹ (DSM) کا [illegible] کیا گیا۔ جس میں صوبہ بھر سے 13 ڈسٹرکٹ منیجرز نے شرکت کی۔

2- غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام ایک روزہ ٹیچرز ورکشاپ قرآن ہاؤس لاہور میں ہوئی، جس میں ضلع شیخوپورہ اور ضلع لاہور کے 55 اساتذہ نے شرکت کی۔

## نمایاں کارکردگی ----- ڈسٹرکٹ منیجرز سکول (DMS)

قومی کیلیگرافی سیمینار میں ڈسٹرکٹ کی سطح پر اوّل، دوم اور سوم آنے والے ڈسٹرکٹ منیجرز کو اُن کی محنت اور اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں کے اعتراف میں چیئرمین ٹرسٹ جناب لیاقت بلوچ (ایم این اے) نے اپنے دستِ مبارک سے سرٹیفیکیٹس اور شیلڈز تقسیم کیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| نذیر احمد صدیقی | DMS | فیصل آباد | اوّل |
| ڈاکٹر شاہد اقبال | DMS | سرگودہا | دوم |
| محمد شہزاد علی ضمیر | DMS | لاہور | سوم |

## غزالی کالج برائے خواتین کی فیڈرل بورڈ میں پہلی پوزیشن

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کی طالبات سمیہ نواز نے انٹرمیڈیٹ آرٹس گروپ کے امتحان میں 907 نمبرز لے کر فیڈرل بورڈ میں اول پوزیشن، جبکہ مریم خالد نے میٹرک آرٹس گروپ کے امتحان میں 900 نمبرز لے کر فیڈرل بورڈ میں دوم پوزیشن حاصل کی ہے۔ غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد کا مجموعی زرلٹ برائے انٹرمیڈیٹ آرٹس اور سائنس گروپس 100% جبکہ آئی سی ایس گروپ میں 98% رہا۔ اسی طرح فیڈرل بورڈ کے میٹرک کے امتحان میں سائنس گروپ میں 100% جبکہ [illegible]روپ میں 99% رہا۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود نے تمام طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے اساتذہ کی انتھک کاوشوں کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ غزالی کالجز برائے خواتین اس معیار کو برقرار رکھیں گے۔ یاد رہے کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِ انتظام تین غزالی کالج برائے خواتین لاہور، اسلام آباد اور مری میں کام کر رہے ہیں۔

## سالانہ اجلاس برائے جائزہ وپلاننگ

ہ و پلاننگ کا دو روزہ سالانہ اجلاس 13-14 جولائی کو منعقد ہوا۔ جس میں چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جناب لیاقت بلوچ (ایم این اے) نے خصوصی شرکت کی۔ ان کے علاوہ ممبران بورڈ آف ڈائریکٹرز، سربراہان شعبہ جات اور تمام ریجنل منیجرز بھی موجود تھے۔ اجلاس کے پہلے روز تمام شعبہ جات کی گذشتہ سال کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر ذمہ داران نے حاضرین کے سوالوں کے جوابات بھی دیئے۔ اگلا روز سال 2005-06 کی پلاننگ کے لئے مختص تھا۔ تمام شعبہ جات نے اپنی پلاننگ بمعہ ٹارگٹس و بجٹ، حاضرین کے سامنے پیش کی۔ تمام پلاننگز منظوری کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں بھیجی جا چکی ہیں۔

## ربِ زدنی علماً

یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (UMT) میں پی ایچ ڈی ان ایجوکیشن کے لئے ٹیسٹ منعقد ہوا۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی طرف سے منیجر LACD شیخ افتخار احمد ربانی، منیجر ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ شفیق احمد اور پرنسپل غزالی کالج برائے خواتین لاہور مسز میمونہ احمد اعوان نے ٹیسٹ میں حصہ لیا اور داخلہ کے لئے منتخب ہوئے۔

ادارہ امید کرتا ہے کہ پی ایچ ڈی مکمل کرنے کے بعد یہ افراد غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ترقی و ترویج کے لئے گرانقدر سرمایہ ثابت ہوں گے۔

## Certificate in Educational Assessment

ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ انتظام پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کے تحت چلنے والے سکولز میں نظامِ امتحانات کو بہتر بنانے کے لئے ایک سات روزہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اس ورکشاپ میں منتخب 15 سینئر پرنسپلز نے شرکت کی دورانِ پروگرام شرکا کو پرچے بنانے اور ان کی پڑتال کرنے کے جدید طریقوں کی تربیت دی گئی۔

## مائیکروسافٹ آفس ایپلیکیشن ٹریننگ سیشن

کمپیوٹر پروگرام مائیکروسافٹ آفس سے بہتر طور پر استفادہ کرنے اور آفس کے ماحول میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لئے ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ نے مائیکروسافٹ آفس، مائیکروسافٹ ایکسل اور مائیکروسافٹ آؤٹ لک ایکسپریس پر لیکچرز کا اہتمام کیا علاوہ ازیں آفس مینجمنٹ اور آپریشنل مینجمنٹ پر بھی لیکچرز ہوئے۔ ان لیکچرز میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سٹاف کے علاوہ دارارقم سکول سسٹم اور آفاق کے سٹاف ممبرز نے بھی شرکت کی۔

## غزالی سکولز کے شاندار نتائج

سال 2005 میں ہونے والے جماعت ہشتم کے امتحانات میں 110 طلباء وطالبات نے امتحان دیا اور الحمدللہ 100% کامیابی حاصل کی۔ کارکردگی کے لحاظ سے جماعت ہشتم کے سنٹر کے امتحان میں پہلی تین پوزیشنز لینے والے سکول وطلباء مندرجہ ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| غزالی سکول سسٹم چک 78 ج ب ضلع فیصل آباد | سائرہ ایوب | 660/800 | اوّل |
| غزالی سکول سسٹم دھریمہ ضلع سرگودھا | شہاب علی | 635/800 | دوم |
| غزالی سکول سسٹم ظاہر پیر رحیم یار خان | طیبہ افتخار | 620/800 | سوم |

اسی طرح جماعت پنجم کا نتیجہ 99% رہا۔ کارکردگی کے لحاظ سے جماعت پنجم کے سنٹر کے امتحانات میں پہلی تین پوزیشنز لینے والے سکول وطلباء مندرجہ ذیل ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| غزالی سکول سسٹم چک 58 شمالی سرگودھا | محمد وسیم | 266/300 | اوّل |
| غزالی سکول سسٹم چک 79 ج ب ضلع فیصل آباد | ثناء اقبال | 266/300 | اوّل |
| غزالی سکول سسٹم کار ضلع لاہور | احتشام آصف | 265/300 | دوم |
| غزالی سکول سسٹم 173 گ ب ضلع فیصل آباد | علی اکبر | 263/300 | سوم |

غزالی سکول سسٹم میانو لی رانجھا ضلع منڈی بہاوالدین کے طلباء نے جماعت پنجم کے سنٹر کے امتحانات میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

| | | |
|---|---|---|
| نوریز زاہد | 263/300 | اوّل |
| عمران سہیل | 258/300 | دوم |
| ندا منور | 257/300 | (طالبات) دوم |

## ڈپلومہ اِن سوشل انٹرپرائز مینجمنٹ

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ڈائریکٹر سکولز عامر محمود چیمہ اور منیجر LACD شیخ افتخار احمد ربانی نے لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز سے ایک سالہ ڈپلومہ اِن سوشل انٹرپرائز مینجمنٹ مکمل کر لیا ہے۔ ادارہ ان حضرات کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## Diploma in Teaching Effectiveness

غزالی سکول سسٹم ضلع وہاڑی کے اساتذہ کی ذہنی وفکری نشوونما اور انکی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کے لئے ہر ماہ کی آخری اتوار کو DTE کلاس کا انعقاد باقاعدگی سے جاری ہے۔ ماہ جون/جولائی کی دو روزہ ورکشاپ پائلٹ سیکنڈری سکول آف سائنس وہاڑی میں منعقد ہوئی جس میں 25 اساتذہ شریک ہوئے۔ مہمانانِ خصوصی حاجی محمد طفیل وڑائچ صاحب سرپرست غزالی سکول سسٹم ضلع وہاڑی، ریجنل منیجر پریپ (ملتان) محمد طارق جاوید، پرنسپل پائلٹ سکول کرم پور ملک مقصود اطہر اعوان صاحب تھے۔

## دارارقم اسکول سسٹم کی سرگودھا بورڈ میں نمایاں کامیابی

دارارقم اسکول سسٹم سرگودھا کی طالبات نے بورڈ کے میٹرک کے امتحان میں (طالبات میں) اول، دوم اور سوم تینوں پوزیشنز لے کر منفرد اعزاز حاصل کیا ہے۔ اس شاندار کامیابی پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے صدر، سیکریٹری جنرل اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے دارارقم اسکول سرگودھا کے اساتذہ اور طالبات کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ دارارقم اسکول سسٹم اپنے تدریسی معیار کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ اسے بہتر سے بہتر کرتے رہیں گے تاکہ کامیابیوں کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے۔

# قومی نمائش خطاطی 2005ء خطاطی کے فروغ وترویج کے طرف اہم قدم

فن خطاطی اسلام کا اہم ترین فن ہے۔ یہ فن جیومیٹری کی اعلی اور طاق اعداد پر مشتمل اقدار کے خوبصورت مجموعے کا نام ہے۔ عالم اسلام میں ہمیشہ اس فن کو قدر و منزلت حاصل رہی ہے۔ مسلم خطاطوں نے قرآن کریم کی محبت میں لازوال رسم الخط اختراع کیے اور نہایت عمدہ و بے مثال فن پارے چھوڑے ۔ اس فن کی اشاعت وفروغ کے لئے 7 جون کو الحمراء آرٹ سنٹر میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام خطاطی کی نمائش منعقد ہوئی جس میں ملک بھر سے نامور خطاطوں نے شرکت کی۔ یہ نمائش اس لحاظ سے بھی منفرد تھی کہ اس میں کلاسیکل خطاطی کو نمایاں طور پر پیش کیا گیا۔ خطاطی کی اس نمائش میں لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی جس میں فنون لطیفہ سے وابستہ خواتین وحضرات کی اکثریت بھی موجود تھی۔ تقریب کے مہمان خصوصی گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول تھے۔ گورنر پنجاب کی آمد سے قبل ہی ہال کھچا کھچ بھر چکا تھا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا ۔ سید عامر محمود جعفری نے سٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام Ø۔ اس موقع پر خیر مقدمی خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرسٹ پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی خدمات کا ذکر کیا اور شرکاء کو بتایا کہ ٹرسٹ اپنی مدد آپ کے تحت ملک کے دیہی علاقوں میں 252 سکول قائم کر چکا ہے۔ 25 ہزار طلباء وطالبات جن میں نادار اور یتیم بھی شامل ہیں، ان اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ خطاطی کو بھی ٹرسٹ کے سکولوں میں بطور مضمون رائج کیا جائے گا۔

سید عامر محمود ایگزیکٹو ڈائریکٹر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نے کہا کہ اسلام محبت، امن اور اہل جہاں کو خوبصورتی عطا کرتا ہے اور ایسی نمائشیں اسی بات کے اظہار کا شاندار ذریعہ ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ممتاز خطاط خورشید عالم گوہر قلم نے کہا کہ خطاطی ایسا زبردست فن ہے جس کی جمالیاتی وصوری حیثیت کو اہل مغرب بھی تسلیم کر چکے ہیں۔ انھوں نے ممتاز جرمن فلاسفر ڈاکٹر اوٹنگ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اوٹنگ عام طور پر کہا کرتے تھے کہ کسی خوشنویس کا تحریر کردہ ایک ایک حرف معروف مصوّر مائیلو کی بنائی ہوئی مشہور عالم تصویر وینس سے کسی طرح کم نہیں۔

اسی طرح انہوں نے ممتاز مغربی صوفی جیمز ٹرائن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایک مرتبہ ڈاکٹر جیمز نے قرآنی مخطوطات کی نمائش دیکھ کر کہا تھا کہ مجھے یہ فیصلہ کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے کہ فن خطاطی میں زیادہ راز ہیں یا آسمان پر ستارے۔ گوہر قلم نے اس موقع پر گورنر پنجاب کو یاددہانی کروائی کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن بورڈ کی منظوری کے باوجود یونیورسٹیوں اور کالجوں کے شعبہ فائن آرٹس میں خطاطی کو بطور مضمون رائج کرنے میں سستی سے کام لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر کیمرہ آجانے سے مصوری پر کوئی فرق نہیں پڑا تو کمپیوٹر آجانے سے خطاطی کو کیسے نقصان پہنچ سکتا ہے!


> مجھے یہ فیصلہ کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے کہ فن خطاطی میں زیادہ راز ہیں یا آسمان پر ستارے۔
>
> ڈاکٹر جیمز

> ''میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو اس خوبصورت خطاطی کی نمائش منعقد کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔''
>
> گورنر پنجاب لفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول

گورنر پنجاب جناب خالد مقبول نے اپنے صدارتی خطاب میں قرآن کریم کی خطاطی پر روشنی ڈالی انھوں نے کہا کہ قرآن کریم پیغمبر اسلام ﷺ کے دور مبارک میں جمع ہو چکا تھا۔ جو کہ خط کوفی میں لکھا گیا تھا۔ انہوں نے مصاحف عثمانی کا ذکر کرتے ہوئے کہا ان کی بعض کاپیاں ترکی توپ کاپی میوزیم میں جبکہ بعض ماسکو اور بعض برٹش میوزیم میں ہیں۔ گورنر نے کہا کہ خطاطی میں مسلمانوں نے قابل تحسین خدمات سرانجام دی ہیں، خالد بن ابی الہیاج پہلے مسلم خطاط ہیں جنھوں نے مسجد نبوی میں سونے کے پانی سے سورۃ شمس لکھی جو خط کوفی میں تھی بعدازاں بنوامیہ اور بنوعباس کے عہد میں خط ثلث، طومار، محقق، نسخ وغیرہ معرض وجود میں آئے۔ گورنر نے اس موقع پر مزید کہا کہ خطاطی کو نہ صرف یونیورسٹیوں اور کالجوں میں رائج کیا جانا چاہیے بلکہ پرائمری کلاسز سے بھی خطاطی کی تعلیم دینے کی اشد ضرورت ہے ۔ گورنر نے استاد اللہ بخش آرٹ گیلری میں خطاطی کی نمائش کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس نمائش میں صحافیوں ،ادیبوں ،فن کے شائقین اور آرٹ کے طلباء اور طالبات کی کثیر تعدار موجود تھی۔ گورنر نے نمائش کے تمام فن پاروں کو بغور دیکھا اور خطاطوں سے سوالات بھی کیئے ۔ نمائش میں نیشنل کالج آف آرٹس لاہور اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے طلباء وطالبات کے بھی خطاطی کے نمونے شامل تھے۔

نمائش کے آخری روز 12 جون کو ''فن خطاطی کا تعلیمی و جمالیاتی پہلو'' کے موضوع پر سیمینار منعقد کیا گیا۔ اس سیمینار کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر تعلیم میاں عمران مسعود تھے ،تقریب کی صدارت ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ نے کی، دیگر نمایاں مہمانان میں صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل ،صدر پاکستان کیلیگرافرز ایسوسی ایشن رشید بٹ تھے، جبکہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سیکرٹری جنرل ٹرسٹ





> "A unique piece of calligraphy. The Ghazali Education Trust and Calligraphers Association of Pakistan have certainly arranged the exhibition is wonderful manner.It is a special way to promote Quran and its sayings through the piece of writing.Calligraphy was never so much promoted previously."
>
> میاں عمران مسعود (وزیرِ تعلیم پنجاب)



سید وقاص جعفری نے ادا کیے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم میاں عمران مسعود نے فروغ تعلیم کے لیے غزالی ٹرسٹ کی خدمات کو سراہا، نمائش کے منتظمین کو مبارکباد پیش کی اور مستقبل میں ایسی مثبت سرگرمیوں کے انعقاد پر اپنی شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت سکولوں اور کالجوں کی سطح پر بھی اس فن کو ترویج دے گی۔ ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ نے اپنے صدارتی کلمات میں کہا کہ اس نمائش میں لوگوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت کہ لوگ اسلامی آرٹ میں بھرپور

> کیمرہ آجانے سے مصوری پر کوئی فرق نہیں پڑا تو کمپیوٹر آجانے سے خطاطی کو کیسے نقصان پہنچ سکتا ہے!
>
> خورشید عالم گوہر قلم

دلچسپی رکھتے ہیں۔ صدر پاکستان کیلیگرافرز ایسوسی ایشن رشید بٹ نے پاکستان کیلیگرافرز ایسوسی ایشن کے قیام کی غرض وغائت پر روشنی ڈالی اور اس تقریب کے شاندار انعقاد پر غزالی کے تعاون کی تعریف کی۔ تقریب کے اختتام پر خطاط حضرات اور ٹرسٹ کے زیر انتظام نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے غزالی سکولز کے اساتذہ میں شیلڈز اور تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔

> کسی خوشنویس کا تحریر کردہ ایک ایک حرف معروف مصوّر مائیلو کی بنائی ہوئی مشہور عالم تصویر وینس سے کسی طرح کم نہیں۔
>
> جرمن فلاسفر ڈاکٹر اونگ

یوں ایک ہفتہ جاری رہنے والی اس رنگا رنگ نمائش کا اختتام ہوا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ æ ïoo%فن کی سرکاری سرپرستی ہونی چاہیے۔ کیونکہ یہ فن ذہنی آسودگی عطا کرنے کے ساتھ ساتھ علمی قدروں کا بھی امین ہے اور اس فن سے وابستہ تمام خطاطوں کی پذیرائی اسی سطح پر ہونی چاہیئے جیسے ایران، ترکی اور دوسرے ممالک اسلامیہ کے خطاطوں کی ہوتی ہے۔ یہ نمائش ہر اعتبار سے تاریخی نمائش تھی جس سے خطاطی کے نئے راستے متعین کرنے میں مدد ملے گی۔

## شب بیداری

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ جہاں افراد کی پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت کے لئے ورکشاپس، ریفریشر کورسز اور لیکچرز وغیرہ کا اہتمام کرتا ہے وہیں پر دینی وذہنی نشوونما کے لئے تربیتی نشستوں کا انعقاد بھی اس کے پروگرام کا حصہ ہے اسی زمرے میں ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ کے زیرِ اہتمام فکرِ آخرت کے حوالے سے ایک شب بیداری منعقد ہوئی جس میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ہیڈ آفس کے تمام اسٹاف نے شرکت کی مولانا سرفراز اعوان نے درسِ قرآن جبکہ پروفیسر حمید اللہ عبدالقادر نے درسِ حدیث دیا۔

# تاثرات

### جہانگیر بدر (مرکزی سیکریٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی)

''جس طریقے سے ملک کے کونے کونے سے ان فن پاروں کو اکھٹا کیا گیا ہے اس کے لئے میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ان کی آئندہ زندگی میں کامیابیوں کے لئے دعا گو ہوں۔ پاک پروردگار خطاطی کی اس نمائش کو ترتیب دینے اور کامیابی سے ہمکنار ہونے پر منتظمین کو اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ آمین۔''

### لیاقت بلوچ (ممبر نیشنل اسمبلی)

''غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام اور کیلیگرافرز ایسوسی ایشن کے تعاون سے الحمرا میں خطاطی کی نمائش بہت شاندار، اساتذہ، طلبہ اور نوآموز افراد کی کاوش کا بہت خوب اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ فن مسلمانوں کا ورثہ ہے۔ فنکاروں کے فن پاروں کے نمائش کا اہتمام فن خطاطی کی بڑی خدمت ہے۔''

### ساجدہ وندل (پرنسپل نیشنل کالج آف آرٹس)

"It was interesting to see the variety of work on display and the different ways that the artists had responded to this traditional art form. Excellent exhibition."

### چوہدری محمد شوکت (ممبر پنجاب اسمبلی)

''میں اسلامی خطاطی اور آرٹ کی نمائش پر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اس نمائش میں حصہ لینے پر اُن تمام احباب کے لئے دعاگو ہوں جو اس نمائش کو منعقد کرنے کے لئے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ممدو معاون رہے۔ بلاشبہ یہ متاثر کن اور لائق تحسین کوشش ہے۔ اللہ سعی کرنے والے اصحاب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین۔''

### عبدالغفار عزیز (ڈائریکٹر امورِ خارجہ جماعت اسلامی پاکستان)

''آج کے اس دور میں کہ جب فن کو نفسِ امارہ کے ہاتھ میں دے دیا گیا ہے، ثقافت کو شہوت کے مترادف قرار دے دیا گیا ہے۔ اور تہذیب کے نام پر نسلوں کی نسل کو بگاڑ اور فساد کی نذر کیا جا رہا ہے۔ قرآن کریم اور جمالِ الٰہی کو بنیاد بنا کر فن و تہذیب کی آبیاری ایک عظیم خدمت ہی نہیں عظیم ترین سعادت بھی ہے۔ پروردگار عالم اس کارِ خیر میں شریک ہر فرد کو دو جہان کی سعادتوں سے نوازے۔''

''ان اللہ جمیل ویحب الجمال''

### خورشید عالم گوہر قلم (صداتی تمغہ حسن کارکردگی)

''قومی نمائش خطاطی 2005 فروغ خطاطی کی ایک بہترین کاوش ہے۔ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے جملہ ساتھیوں نے اس کی کامیابی وکامرانی کے لئے بہت محنت کی ہے۔ یہ نمائش کلاسیکل خطاطی کی ایک عظیم نمائش ہے۔''

### ارشاد احمد عارف (روزنامہ نوائے وقت)

''مجھے خطاطی کی اس نمائش میں حاضر ہو کر دلی مسرت ہوئی۔ غزالی ٹرسٹ نے یہ کارنامہ انجام دیا ہے۔ نوجوان نسل کو ہمارے عظیم ورثے سے آگاہ کرنے کی یہ ایک عمدہ کاوش ہے۔ ہمارے ذرائع ابلاغ کو اس طرف بطور خاص توجہ دینی چاہیئے۔''

### اوریا مقبول جان (معروف کالم نگار)

''سبحان اللہ۔ اس کلمہء خیر کے علاوہ میرے پاس تو لفظ ہی نہیں ہیں کہ کچھ کہہ سکوں۔ اللہ نے کیا خوب چنا ہے آپ لوگوں کو۔ یہ اُسی کی عطا کردہ توفیق ہے۔''

# تعمیرات

شعبہ حصول اراضی و تعمیرات کے منیجر شیخ افتخار احمد کے مطابق سکولز میں جاری تعمیرات کی تازہ ترین صورتحال حسب ذیل ہے:-

| سکول | ڈونر | تعمیری مرحلہ |
|---|---|---|
| پپلاں (میانوالی) | شہریار علی و احباب (سعودی عرب) | پلستر کا کام جاری ہے |
| لیٹی (چکوال) | زمرد چودھری (سعودی عرب) | چھت تک کام مکمل ہو گیا ہے |
| مکیانہ (گجرات) | شہریار علی و احباب (سعودی عرب) | عمارت مکمل ہو گئی ہے |
| چک 81 (سرگودھا) | شہریار علی و احباب (سعودی عرب) | عمارت مکمل ہو گئی ہے |
| چیلہ (جھنگ) | مسلم کمیونٹی کینٹن (مشی گن امریکہ) | عمارت مکمل ہو گئی ہے |
| ساندل (گوجر خان) | کامران افضل اور انکے احباب (برطانیہ) | عمارت مکمل ہو گئی ہے |
| ہئیر (لاہور) | عرفان ٹیکسٹائل اور رضی الدین شیخ (پاکستان) | عمارت مکمل ہو گئی ہے |
| شاہ سرمست (گجرات) | عیاض احمد (برطانیہ) | تعمیر جلد متوقع |
| 18 ہزاری (جھنگ) | شہریار علی و احباب (سعودی عرب) | زمین کی خریداری جاری ہے |

**CULTURAL CENTRE**
Consulate General of The Islamic Republic of Iran
Lahore

بسمه تعالی

خانه فرهنگ
سرکنسولگري جمهوري اسلامي ایران
لاهور

شمارہ: 51/21/3/210
تاریخ: 21-6-2005

محترم جناب سید عامر محمود
ایگزیکٹو ڈائریکٹر
غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ، ماڈل ٹاؤن، لاہور

السلام علیکم

مورخہ ۷ جون کو ہونے والی نمائش کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی توفیق حاصل نہ ہونے پر نہایت افسوس کرتا ہوں یہ بات نہایت خوشی کا باعث ہے کہ خطاطی اور خوشنویسی سے دلچسپی رکھنے والے دوست اس سرزمین میں موجود اپنے اباؤاجداد کی میراث کی حفاظت کر رہے ہیں۔ مجھے بھی آپ سے ملاقات کا اشتیاق ہے۔ تا کہ باہمی تبادل ونظر سے مشترکہ نکات پر تعاون کی راہوں کا جائزہ لیا جا سکے۔

محمد رضا امینی
ثقافتی نمائندہ و ڈائریکٹر جنرل

4- Main Gulberg Road, Lahore – Pakistan
Ph : (042) 5753890,5753891 - Fax : (042) 5711486
Website: www.lahore.icro.ir
Email : cciri@magic.net.pk

خانہ فرہنگ ایران کے ثقافتی نمائندہ کی جانب سے قومی خطاطی نمائش کے حوالے سے موصول ہونے والے خط کا عکس

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرِ انتظام مری میں دختران اسلام اکیڈمی جبکہ اسلام آباد اور لاہور میں غزالی کالج برائے خواتین کام کر رہے ہیں۔ ملک کے نامور کالم نگار عرفان صدیقی نے دختران اسلام اکیڈمی کا دورہ کیا اور اپنے احساسات و خیالات کو اپنے کالم 'نقش خیال' میں پیش کیا۔

(بحوالہ: روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی 10 مئی 2005 بروز منگل)

## دختران اسلام اکیڈمی مری ''یہ چراغ تحفظ مانگتے ہیں!'' سے ایک اقتباس


حاجی غلام قادر عباسی مجھے براہ راست ایک ہال میں لے گئے جہاں طالبات کی ایک کلاس ہو رہی تھی۔ میرے دل میں ایک بار پھر اسی نورانی احساس نے انگڑائی لی اور میری نس نس فرشتوں کے پروں کی مسحور کن خوشبو سے مہکنے لگی، اسلامی پردے، حیا، عفت اور نسوانی تقدس کی امین یہ بیٹیاں واقعی سرتاپا اسلام کی بیٹیاں لگتی ہیں۔ ان سے مختصر خطاب کے دوران میری سوچ کئی بار بھٹک کر تعلیم و تدریس کے ان روشن خیال دھاروں کی طرف نکل گئی جہاں ہماری بیٹیاں مغرب کے فکری و تہذیبی سانچوں میں ڈھل رہی ہیں اور جن کی تعمیر سیرت کے لئے میراتھن ریسوں کا اہتمام ناگزیر ٹھہرا ہے۔ بچیوں کی اجتماعی دعا نے روح کے پردوں میں ارتعاش سا پیدا کر دیا اور میں سوچنے لگا کہ کبھی یہ بیٹیاں مائیں بنیں گی اور کتنی سعید ہو گی وہ نسل جو ان ماؤں کی آغوش میں پروان چڑھے گی۔





مجھے اکیڈمی کے نتائج دیکھ کر حیرت ہوئی کہ طالبات نے تعلیم و تربیت کے اضافی تقاضوں کے باوجود بورڈ اور یونیورسٹی کے امتحانات میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ گزشتہ برس 26 طالبات نے بی اے (پنجاب یونیورسٹی) کا امتحان دیا جن میں سے 23 کامیاب رہیں۔ 22 طالبات نے فرسٹ ڈویژن اور ایک نے سیکنڈ ڈویژن حاصل کی۔ سرکاری اہتمام میں چلنے والے شاید ہی کسی کالج کا نتیجہ 88 فیصد رہا ہو۔ 2003ء میں اکیڈمی کی ایک طالبہ نے یونیورسٹی میں پہلی پوزیشن حاصل کی اور گولڈ میڈل حاصل کیا۔ اکیڈمی سے فارغ التحصیل ہونے والی کئی طالبات اکیڈمی میں ہی تدریسی خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ جب طالبات چھٹیوں میں گھروں کو جاتی ہیں تو وہ اپنے اپنے گاؤں میں مقامی بچیوں کے لئے خصوصی کورسز کا اہتمام کرتی ہیں۔ اکیڈمی میں ہر سال اوورسیز پاکستانیوں کی بچیوں کے لئے مختصر دورانیے کے سمر سکول کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

مجھے حاجی غلام قادر عباسی نے اشارتاً بھی نہیں کہا کہ میں اکیڈمی کے بارے میں کچھ لکھوں۔ وہ اکیڈمی میں میری آمد کو ہی میرے بھرپور اور یادگار تعاون سے تعبیر کر رہے تھے لیکن میرا دل چاہتا ہے کہ 'دخترانِ اسلام' کی دستگیری کی جائے۔ روشن خیالی کی تاریک آندھیوں کے مدمقابل روشن، پہاڑیوں کے یہ چراغ تحفظ مانگتے ہیں۔

# قومی خطاطی نمائش 2005ء تصاویر کے آئینے میں




شمس الزماں (USA) خطاطی نمائش میں سیکرٹری جنرل سید وقاص جعفری اور ڈائریکٹر سکول عامر محمود چیمہ کے ہمراہ




وزیر تعلیم میاں عمران مسعود صدارتی ایوارڈ یافتہ خطاط رشید بٹ کے ہمراہ فن پاروں کی نمائش دیکھ رہے ہیں




ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود NCA کی پرنسپل ساجدہ وندل کی خدمت میں شیلڈ پیش کر رہے ہیں



پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری جہانگیر بدر پروگرام کوآرڈینیٹر سید تحریم ارتضیٰ کے ساتھ فن پاروں کی نمائش دیکھتے ہوئے



یونیورسٹی آف منیجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے چانسلر حسن صہیب مراد قومی خطاطی نمائش 2005ء میں خطاطی کے فن پارے دیکھنے میں محو ہیں



معروف کالم نگار اور یا مقبول جان خورشید عالم گوہر قلم اور ٹی وی کمپئر نور الحسن خطاطی کے ایک فن پارے کو دلچسپی سے دیکھتے ہوئے


Association For Academic Quality ایسوسی ایشن فار اکیڈمک کوالٹی

نجی سکول سسٹمز کا مشترکہ علمی فورم

قومی تعلیمی نصاب اور اسلامی نظریہ حیات کی روشنی میں لکھی گئی

Afaq آفاق

آفاق ٹیکسٹ بکس

ٹیکسٹ بکس

ٹیچرز ٹریننگ

تعلیمی رہنمائی

- مواد کی پیشکش جدید طریقہ تعلیم اور اسلامی تناظر میں
- بچوں کی نفسیات اور ذہنی سطح کے عین مطابق
- قومی امنگوں، ملی ثقافت اور روزمرہ زندگی سے مربوط
- طلباء میں غور وفکر اور تجزیاتی سوچ پیدا کرنے میں معاون
- اعلیٰ معیار اور ہم عصر سیریز کے مقابلے میں ارزاں
- معیاری اور با مقصد تعلیم کا نام

▶ ہیڈ آفس
796-سی، فیصل ٹاؤن، لاہور فون: 042-5171090-5166406 فیکس: 5171089

▶ مارکیٹنگ اینڈ سیلز
سیکنڈ فلور کمپیوٹر ایس سینٹر، 3 کورٹ سٹریٹ، لوئر مال، لاہور فون: 042-7248070-7249659-7248259
فیکس: 7248259

▶ آفاق بک شاپ
110-چیٹر جی روڈ، اردو بازار، لاہور فون: 042-7247585


کتب ادارہ کے مقرر کردہ ڈیلرز یا براہ راست ہم سے طلب کریں۔

ٹیکسٹ بکس کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں فوری رابطہ کریں۔ 0300-4600509, 0300-8412905

# تصاویر کے آئینے میں



لیاقت بلوچ ایم این اے DMS رحیم یار خان اقبال گوہر کو نمایاں کارکردگی پر شیلڈ دے رہے ہیں


گورنر پنجاب لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد مقبول قومی خطاطی نمائش کے افتتاح کے موقع پر مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات لکھ رہے ہیں


صوبائی وزیر تعلیم میاں عمران مسعود صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو شیلڈ دے رہے ہیں ان کے ہمراہ صدر کیلیگرافر ایسوسی ایشن اور صدارتی ایوارڈ یافتہ خطاط رشید بٹ کھڑے ہیں


صدر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ڈاکٹر اشتیاق احمد گوندل کرباٹھ سکول میں جلسہ تقسیم انعامات میں ایک بچے کو انعام دے رہے ہیں


عورت فاؤنڈیشن کے پروگرام کوآرڈینیٹر سلمان عابد اور میڈیا ایڈوائزر راحت بابر غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ٹیم کے ساتھ محو گفتگو



ڈاکٹر عبدالماجد (USA) سیکریڑی جنرل غزالی ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری کے ہمراہ


اسلامی نظامت تعلیم پاکستان کے وفد کا دورہ ہیڈ آفس


LUMS کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور منیجر ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ سے ملاقات کر رہے ہیں


غزالی سکول سسٹم دھریمہ کے جلسہ تقسیم انعامات میں ڈائریکٹر سکولز عامر چیمہ اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود سٹیج پر تشریف فرما ہیں


ناظم یونین کونسل سکندر احمد خان جماعت پنجم میں اول پوزیشن لینے والی طالبہ سمیہ عزیز کو انعام دے رہے ہیں



غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ اور مسلم ایڈ کے زیر انتظام ٹیچر ٹریننگ پراگرام میں منیجر ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ شفیق احمد لیکچر دے رہے ہیں


سالانہ جائزہ و پلاننگ اجلاس کا ایک منظر